قابلِ مطالعہ بھی ہے اور قابلِ دید بھی !

قابلِ مطالعہ اس لیے کہ اس میں نہایت عمدہ صاف ستھرا اور بہترین مواد جمع کیا گیا ہے جو حشو و زوائد سے بالکل پاک ہے۔ قابلِ دید اس لیے کہ حضرت ہجویری کے حالات میں یہ پہلی کتاب ہے جو آفسٹ طباعت اور آفسٹ کاغذ پر پیش لگائی ہے، کتابت، طباعت، کاغذ اور جلد نہایت عمدہ اور دیدہ زیب ہے۔ بزرگانِ دین کے حالات سے متعلق اسی انداز سے کتابیں شائع کرنا چاہئیں ان سے ہر شخص کو مستفید ہونا چاہیے۔ مکتبہ المعارف مستحق مبارک باد ہے، کہ اس نے اس درجہ بہتر اسلوب سے یہ کتاب اپنے قارئین کو پیش کی۔

پیارے رسول کی پیاری دعائیں

مرتبہ: مولانا محمد عطا اللہ حنیف

ملنے کا پتہ: مکتبہ سلفیہ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور۔ صفحات ۸۰ قیمت ایک روپیہ بیس پیسے

احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے شمار دعائیں منقول ہیں، جو مختلف اوقات میں آپ کیا کرتے تھے یا جن کے کرنے کا آپ نے حکم دیا۔ ان دعاؤں کے بہت سے مجموعے شائع ہو چکے ہیں پیشِ نظر مجموعہ جو "پیارے رسول کی پیاری دعائیں" کے نام سے موسوم ہے، جامعیت اور ترتیب کے اعتبار سے سب سے عمدہ ہے۔ اس میں وہ تمام دعائیں جمع کر دی گئی ہیں، جو آنحضرتؐ سے مروی ہیں۔ مثلاً سوتے وقت کی دعا، بیدار ہونے کے وقت کی دعا، وضو کی دعا، اثنائے وضو کی دعا، نمازِ تہجد کے وقت کی دعائیں، سجدۂ تلاوت کی دعا، جنازہ کی دعا، اذان کے بعد کی دعا، مغرب کی اذان سنتے وقت کی دعا، نماز کی دعائیں، نماز کے بعد کی دعائیں، گھر میں داخل ہونے کی دعا، بازار میں داخل ہونے کی دعا، بیماری اور بیمار پرسی کے وقت کی دعائیں، نیا چاند دیکھنے کی دعا، آئینہ دیکھتے وقت کی دعا، نیا کپڑا پہننے کی دعا، ادائیگی قرض کی دعا، مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا، کشائشِ رزق کی دعا، توبہ کی دعائیں، سفر کے وظائف و اذکار۔ غرض اس مجموعے میں وہ تمام ادعیہ مع ترجمے کے درج کی گئی ہیں جو مختلف مواقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں۔ کتابت، طباعت اور کاغذ بہترین ہے۔ کتاب اس لائق ہے کہ بڑے چھوٹے، مرد، عورت اور بچے سب اس کو خریدیں اور اس میں مندرج ادعیہ ماثورہ یاد کریں۔ اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ تمام دعاؤں کا اردو ترجمہ بھی ساتھ ساتھ کر دیا گیا ہے۔